سوال

(168)پلستر یا پٹی پر مسح کرنے کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا پلستر یا پٹی پر مسح کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس پر سب اطراف سے مسح کیا جائے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں، اس پلستر یا پٹی پر سب اطراف سے مسح کیا جائے۔ کیونکہ قاعدہ ہے کہ بدل کے لیے وہی حکم ہوتا ہے۔ جس کا وہ قائم مقام ہو جب تک کہ سنت سے اس کے خلاف کوئی دلیل نہ مل جائے، اوراس صورت میں مسح غسل کا بدل اورقائم مقام ہے۔ توجب غسل پورے عضو کا ہوتا ہے تو ایسے ہی مسح بھی پورے عضو کا ہو گا البتہ موزوں پر مسح کرنے میں رخصت ہے کہ اس کے کچھ حصے پر مسح کافی ہوتا ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 193

محدث فتویٰ